10-07-2026

12:30 PM

آداب ،

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں مشاہد حسین

پی ایم مودی

وزیراعظم نریندر مودی نیوزی لینڈ کے دورے پر آکلینڈ پہنچ رہے ہیں۔ وہ وہاں بھارتی برادری اور نیوزی لینڈ کے رہنے والے لوگوں کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرنے والے ہیں، جس کے لئے تمام تیاریاں مکمل ہیں۔

اس سے پہلے اسٹریلیا کے دورے کے دوران بھارت اور آسٹریلیا نے ایک آزادانہ اور کھلے ہندبحرالکاہل کو یقینی بنانے کی غرض سے دفاع اور سلامتی اشتراک کے بارے میں ایک مشترکہ اعلامیہ پر دستخط کئے۔

امت شاہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ محفوظ سرحدیں، خوشحال سرحدی خطے اور ایک خوشحال معاشرہ ایک ساتھ مل کر ہی ملک کو محفوظ بنا سکتے ہیں۔

قومی راجدھانی نئی دلی میں سرحدی ریاستوناور مرکزی زیرانتظام علاقوں کے سبھی ایس پیز کے ساتھ منعقدہ ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امت شاہ نے کہا کہ جموں کشمیر اور شمال مشرق خطے کو دہشتگردی سے پاک کیاگیاہے ،جو کہ ایک اجتماعی کامیابی کی علامت ہے۔

ایل جی ملاقات

وجے پور کے ایم ایل اے چند پرکاش گنگا اور بسوہلی کے ایم ایل اے پرشان کمار نے کل لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کرکے ان کے ساتھ علاقونکے عوامی مسائل پرتبادلہ خیال کیا۔

دریں اثنا فیڈریشن انڈسٹریز آف جموں کے چیرمین ترن سنگھلا کے علاوہ سابق ڈی ڈی سی ممبر عنایت اللہ راتھر کی سربراہی میں فرسل کولگام سے آئے ہوئے ایک وفد نے بھی منوج سنہا سے ملاقات کی۔

ادھرشری دیوناتھ مٹھ اور شری ناتھ پیٹھ کے پیٹھادیش آچاریہ سوامی شری جیتندر ناتھ مہاراج نے بھی شری امرناتھ جی شرائن بورڈکے ممبرسریش ہوارے کے ہمراہ لیفٹننٹ گورنرسے ملاقات کی۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے پائیدار سیاحت اور معاشی ترقی کو یقینی بنانے کیلئے جموں کشمیرمیں مقدار کے بجائے معیار پر مبنی سیاحت کو فروغ دینے پرزور دیاہے۔ سرینگر میں SKICC ’پائیدارسیاحت‘ سے متعلق ایک کنکلیو سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے سیاحتی مقامات کے ماسٹر پلانوناور وہاں عمارتیں تعمیر کرنے کے لئے وضع کردہ ضوابط پر سختی سے عمل پیرا رہنے کی اہمیت اجاگر کی ہے۔

چیف سیکریٹڑی یاترا

چیف سیکریٹڑی اٹل ڈلو نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ امرناتھ جی

شردھالوو

---

ں کے لئے ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ شری امرناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد ۓ کے لئے کئے گئے انتظامات کا جائزلیتے ہوئے انہوں نے یاتراکیلئے بلا خلل طریقہ کاراختیار کرنے پر زور دیا۔

چیف سیکریٹڑی نے یاتریوں کو فراہم کی جارہی سہولیات میں مزید بہتری لانے کی بھی ہدایت دی
۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بحسن خوبی جاری ہے اور آج بھی بالتل اور چندن واڑی کے بنیادی کیمپوں سے کئی ہزار یاتری پوتر گپھا کی طرف پیش قدمی کررہے ہیں۔ آج صبح10بجے تک مزید 7ہزار 962 یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی۔

کل دن بھر بھی 27ہزار سے زیادہ یاتریوں نے شیو لنگم کے درشن کئے اور اس طرح سے کل شام تک درشن کرنے والے یاتریوں کی مجموعی تعداد ایک لاکھ 60ہزار سے زیادہ ہوگئی ہے۔

دریں اثنا جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے آج 8ہزار800شردھالوؤں پر مشتمل 9واں قافلہ بھی وادی کی طرف آرہاہے۔

سورب بھگت

محکمہ عوامی شکایات کے کمشنر سیکریٹری سورب بھگت نے ایک میٹنگ کے دوران یوٹی کے مانیٹرنگ پلیٹ فارم اور فلیگ شپ گریوینس ریڈرسل نظام 'سمادان' کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔

انہوں نے جے کے سمادھان3.0کی شروعات کے لئے کوششوں کو مستحکم کرنے پر زور دیا۔

سکالر شپ

آج جموں کشمیرمیں منعقد ہونے والے نیشنل میرٹ کم مینز سکالرشپ سکیم کا امتحان منعقد کیا جارہاہے جس میں قریب 6ہزار600طالب علم شرکت کررہے ہیں۔ اس امتحان کیلئے یوٹی بھر میں 97امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔

جموں کشمیر بورڈ آف سکول ایجوکیشن کی زیر نگرانی اس سکالر شپ امتحان میں طالب علم ایک ہزار68نشستوں کیلئے مقابلہ کررہے ہیں۔ امتحان پاس کرنے والے طالب علموں کو 9ویںجماعت سے آگے اگلے چار برس تک سالانہ 12ہزار روپے کا مشاہرہ دیا جائے گا۔

ڈی سی بانڈی پورہ

ضلع کے ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندوہ کنول چب نے SK سپورٹس سٹیڈیم میں جاری ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

انہوں نے متعلقہ ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ جاری کام کو بروقت مکمل کریں، جس سے ضلع میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مستحکم کیا جاسکے۔

ڈی سی بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے ہوکر سر ویٹ لینڈ کی جاری حد بندی کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

ایک میٹنگ کی □دارت کرتے ہوئے انہوں نے اس عمل کے لئے درکار زمین کی ت□دیق ، حدود کے تعین ،جیو میپنگ اور متعلقہ ریونیو اور سروے ریکارڈوں کی دستیابی کا بھی جائزہ لیا۔

NMBA بڈگام

ضلع انتظامیہ بڈگام نے نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ضلع بھر میں کئی بیداری اور شجر کاری پروگراموں کا انعقادکیا۔

ان اقدامات کے ذریعے منشیات سے پاک معاشرے کی تعمیر کے تئیں عوام کو بیدار کیاجارہاہے،تاکہ منشیات کے استعمال سے ہونے والے نق□انات سے بچا جاسکے۔